جناب منور خان ایڈوکیٹ: نه سر، دا خو هم لکه دا کوئسچن خلق۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: په پردی ښپلئ کښے پښه ځنګه ورمنډے ؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نه نه سر، لکه دا کوئسچن د دغے متعلق دے نو کم از کم په لکی کښے دا یو دغه دے۔۔۔۔۔

جناب محمد علی خان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی محمد علی خان۔ (قہقہہ) دا د بنوں حلوه ده چه څه ورکښے اچوئ جی۔۔۔۔۔

جناب محمد علی خان: دا جی زمونږه شپږ اته میاشتے اوشوے، کوئسچنے مو ورکړی دی او اوسه پورے ئے جواب رانغے جی۔ د هر یو محکمے، د ایجوکیشن، د هیلتھ، د پولیس۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نه فریش، نوے اوس راکړئ چه تپوس ئے اوکړو۔

جناب محمد علی خان: نه اوس چه فریش درکړو نو اته میاشتے پس به راځی، بیا به پیریډ زمونږه ختم وی، هله به راشی۔

جناب سپیکر: محمد علی خان! چه کله اجلاس ختم شی نو چه کوم کوئسچنز پاتے شی، هغه Lapse کیږی، بیا به ئے Renew کوئ۔ دا پروسیجر خو تاسو ته بار بار اووئیلے شو، بار بار درته وئیلے شی چه کله اجلاس ختم شی نو هغه کوئسچنز هلته Lapse شی نو تاسو Kindly اوس راکړئ چه په دے اجلاس کښے د ننه د ننه تاسو ته جواب ملاؤ شی چه چرته داسے د ایجوکیشن سره Related وی، د هیلتھ سره یا د بل سره Related که وی، کوئی تکلیف ہو، وہ ابھی، آج ہی لکھ کے دے دیں، Within ہفتہ۔۔۔۔۔

جناب محمد علی خان: هغه چه دوئ له مو ورکړے دے جی، هم هغه دغه کښے د ورکړی کنه جی۔ جناب سپیکر، چه کوم مخکښے مونږه ورکړے دے، هغه د دوئ پیدا کړی کنه۔

جناب سپیکر: Within 15 days آپ لکھ کے دے دیں، کوئی اتنی تکلیف نہیں ہوتی، Pen اگر نہیں ہوگا تو سیکر ٹریٹ دے دیگا کاغذ اور پنسل۔۔۔۔

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر! د Ghost سکولونو، د Ghost سکولونو خبره کومه جی۔ په شبقدر کښے دوه سکولونه سن 86ء کښے جوړ شوی دی په سن 85، 86ء کښے او اوسه پورے سټارټ شوی نه دی، په سن 86ء کښے جوړ شوی دی او اوسه پورے پاتے دی، یو پکښے راپریوتو والا دے او بل کښے چرسونه او ټرے خلق ښښکی۔ سکول دے او چرسونه او ټرے پکښے خلق ښښکی او د 86 نه سکول بند پروت دے، څوکیدار ترے تنخواه اخلی۔ سړی پرے د چارسدے لګیدلی دی، لینډ اونرز نه پریږدی سکول نو خود چه د شبقدر سکول دے او د چارسدے نه کسان راغلی دی۔ دا سے په 90 کښے بل سکول جوړ دے۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا!

جناب سپیکر: جی ملک، جی ملک قاسم خان۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: دا ټول، دا تاسو نومونه اولیکئ او دیخوا راالولیږئ۔

ملک قاسم خان خٹک: د سکولونو په باره کښے خبره لګیا وه، بابک صاحب هم او جناب وزیر اعلیٰ صاحب هم په خپل بجټ تقریر کښے وئیلی وو چه چرته Mosque school وی، هغه به په ریګولر کښے بدلیږی خو۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوه۔

ملک قاسم خان خٹک: اوس خو چه مونږه وینو نو وزیر اعلیٰ صاحب ډائریکټیوز ورکوی، هر ایم پی اے ته ئے ورکړل، مونږ ته خو ئے سنګل سکول، هغه دوئ خو وئیلی وو چه بلا امتیاز، بابک صاحب پخپله د اسمبلئ په فلور باندے وئیلی وو چه بلا امتیاز چه په صوبه کښے څومره سکولونه دی، هغه به ریګولر ته بدلیږی

خو زهٔ وینم په خپله حلقه کښې ، زما په حلقه کښې 13 Mosque سکولونه دی، د اوسه پورې محروم یم او زه وینم چه په دیکښې شوی دی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی ثاقب اللہ خان پلیز۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر، داسې ده جی، دې دوه درې ممبرانو خبرې اوکړلې ، زه خپل سپلیمنټری کوئسچن Rephrase کومه هم او Insist کومه هم چه دا کمیټی، زما خیال نه دې چه د ایجوکیشن ډیپارټمنټ سره داسې څه میکنزم شته دې چه چرته لینډ اونرز یا بل څوک چه قابض شی یا فنکشنل کیږی نه نو چه هغه پروسیجر د دوئ سره نشته جی نو څه به کوی؟ دا ما جی د خپلو دریو سکولونو تاسو ته مثال درکړو، داسې نور هم دی، دا چه 80 او 90 چه دی، په دې باندې لینډ اونرز قابض شوی دی۔ پروسیجر څه دې، دوئ به ایف آئی آر کوی، دوئ به پولیس لیږی، دوئ به په خپله زور کوی، څه پروسیجر دې ؟ میکنزم نشته دې نو زما ریکویسټ دا دې چه دا د ګرهې ملی خیلو مثال یو نه دې، په ټوله صوبه کښې ډیر دی، ستاسو په حلقه کښې به هم وی۔ سر، دا د کمیټئ ته لاړ شی او په دې د یو میکنزم واضح شی او په هغې میکنزم باندې د بیا ایجوکیشن ډیپارټمنټ کار کوی۔۔۔۔

جناب سپیکر: اودریږه چه ګورنمنټ واورو کنه جی۔ سردار حسین بابک صاحب، آنریبل منسټر صاحب پلیز۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: شکریه سپیکر صاحب، دا په ټوله صوبه کښې چه د بندو سکولونو یا Ghost سکولونه چه ورته مونږه وایو، د دې ذکر کیږی خو سپیکر صاحب، دا یو کهلاؤ حقیقت دې چه په تیرو وختونو کښې د بدقسمتئ نه سکولونه چه جوړ شوی دی، د دې د پاره جوړ شوی دی چه زمونږه محترمو ممبرانو صاحبانو او وزیرانو صاحبانو خپل ووټران Oblige کړی دی د نوکرئ په خاطر باندې په داسې ځایونو کښې نو تاسو اوګورئ، ثاقب خان چه څنګه ذکر اوکړو یا نور ملګری چه ذکر کوی نو دا زمونږ د وخت ذکر نه کوی چه ګنې خدائې مه کړه چه مونږ په خپل وخت کښې داسې کار کړې دې چه د نوکرئ د

ورکولو د پاره مونږ په Need Base باندے سکول ورکوؤ۔ د دے سره تړلے به زما دا هم درخواست وی ټول هاؤس ته چه چونکه مونږه خپلے حلقے ته د سکیمونو وړلو د پاره وزیر اعلیٰ صاحب ته Approach کوؤ، ډیپارټمنټ ته Approach کوؤ خو چه کله هغه سکیمونه 'کمپلیټ' شی نو بیا د هغے Follow up کوؤ نو پکار دا ده چه مونږ پخپله د Completion نه پس د هغے سکیمونو Follow up اوکړو او د فنانس سره، لکه ډیپارټمنټل خو هغه خبره Pursue کیږی، پکار دا ده چه مونږ پخپله هم د هغے سکیمونو Follow up کوؤ او هغه Pursue کوؤ نو زما یقین دا دے چه دغه به زر تر زره باندے Sanction کیږی۔ سپیکر صاحب، د دے سره تړلے دا هم یو حقیقت دے، دیکښے هیڅ شک نشته چه شاید چه د ایجوکیشن ډیپارټمنټ Capacity دومره نه وی، د دے نه زه انکار نه کوم، د دے سره اتفاق کوم خو دا هم یو حقیقت دے چه مداخلت دومره حد ته رسیدلے دے او دومره مداخلت دے چه هغه خلق هم کار ته نه شی پریښودے او دا کومے مسئلے چه راپورته کیږی نو بیا دا هم یو وجه ده، لهذا پکار دا ده چه مونږ ډیپارټمنټ بیا خپل کار ته پریږدو، که ډیپارټمنټ خپل کار صحیح نه کوی، بیا زمونږ ذمه واری جوړیږی، که په یو ځائے کښے Nepotism کیږی، که په یو ځائے کښے Rules violate کیږی، Surpass کیږی نو پکار دا ده چه Being elected representatives مونږه راپاڅو، د هغے تدارک اوکړو او د هغے مخ نیوے اوکړو نو زما به دا هم خواست وی چه پکار ده چه مونږه لږ ډیر اختیار ډیپارټمنټ ته ورکړو او هغوی خپل کار روان کړی نو زما یقین دا دے چه بیا به، خوشدل خان ریکویسټ کړے دے چه دا کوئسچن د ریفر شی نو بالکل ما ته پرے هیڅ اعتراض نشته چه دوئ دا ګڼړی نو په کمیټئ کښے د د دے Solution راووړی او دا د ریفر شی کمیټئ ته، مهربانی۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر! ڈسٹرکٹ لیول پر چونکہ وہاں جو ای ڈی اوز ہیں، وہ اس کے Co-opted members ہوتے ہیں اور ہر ایک میٹنگ میں وہ آتے ہیں، اگر آنریبل ممبرز کو کوئی پرابلم کسی سکول کے متعلق یا استاد کے متعلق ہو تو وہ ای ڈی او وہاں پر بیٹھا ہوتا ہے، وہ پراپر فورم ہے، وہ بھی استعمال کریں اور اگر منسٹر صاحب اس کو کسچن کو ریفر کرنا چاہتے ہیں تو میرے خیال میں ریفر کریں، پھر وہاں پر Thrash out ہوگا۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question asked by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

37 _ ڈاکٹر اقبال دین: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ وزارت تعلیم صوبے کے تمام پرائمری، مڈل اور ہائر سیکنڈری سکولوں کی تعمیر کر رہی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع کوہاٹ کے حلقہ پی کے 37، پی کے 38 اور پی کے 39 میں بھی سکولوں کی تعمیرات کا سلسلہ جاری ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2008 سے تاحال ضلع کوہاٹ کے مذکورہ حلقوں میں کتنے اور کون کونسے پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں کی عمارتیں تعمیر کی گئیں اور کون کونسے زیر تعمیر ہیں، ہر ایک کی الگ الگ تفصیل بمعہ لاگت فراہم کی جائے؛

(ii) سال 2008 سے تاحال مذکورہ حلقوں میں کن کن سکولوں میں اضافی کمرے تعمیر کئے گئے ہیں، ان کی لاگت اور مقام کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؛

(iii) سال 2008 سے تاحال بنیادی سہولیات کے سلسلے میں مذکورہ حلقوں میں کن کن سکولوں کو ادائیگی کی گئی، ہر سکول کو رقم کی ادائیگی کی تفصیل حلقہ وائز فراہم کی جائے؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ج) (i) تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

سال	حلقہ	سکول	لاگت	کیفیت
2008-09	37	جی جی پی ایس نمبر 2 کوٹ	4.5 ملین	نئے پرائمری سکولز 06

		جی جی پی ایس ڈھوک احسان اللہ	---	---
	38	جی جی پی ایس نئی آبادی	---	---
		جی جی پی ایس گڑھی اللہ یار	---	---
	39	جی جی پی ایس سلیمان تالاب	10.206 ملین 2009-10	---
		جی پی ایس لاچی بالا	---	---
2009-10	37	جی جی پی ایس غازی	3.00 ملین	نئے پرائمری سکولز 03
	38	جی جی پی ایس لچکینہ	4.014 ملین 2010-11	---
	39	جی جی پی ایس خان کالونی	---	---
	37	جی جی پی ایس خواجہ پائل	8.00 ملین	پرائمری ٹو مڈل 04
	38	جی جی پی ایس مرئی پایاں	8.784 ملین	---
	38	جی جی پی ایس خالج ٹاؤن	---	---
	39	جی جی پی ایس ورشنڈ	---	---
	37	جی جی پی ایس غرئی پایاں	32.750 ملین	مڈل ٹو ہائی 05
	38	جی جی پی ایس علیزئی	---	---
	37	جی جی ایم ایس ڈھوک لطیف آباد	---	---
	39	جی جی ایم ایس چیچنہ	---	---
	39	جی جی ایم ایس چیشنہ	---	---

			غونڈہ		
2008-09	37	جی جی پی ایس کمال خیل	2.800 ملین	پرائمری ٹو مڈل 03
	38	جی پی ایس ستر سم	10.574 ملین 2009-10	---
	39	جی پی ایس سماری بالا	---	---
	37	جی جی ایم ایس پرشئی	1.875 ملین	مڈل ٹو ہائی 03
	38	جی جی ایم ایس چشمہ مٹھا خان	18.729 ملین 2009-10	---
	39	جی جی ایم ایس میر بانڈہ جرما	---	---

(ii) سال 09-2008 میں اضافی کمرے تعمیر نہیں کئے گئے ہیں۔ سال 10-2009 میں مندرجہ ذیل سکولوں میں کمرے تعمیر کئے گئے ہیں:

حلقہ	سکول کا نام	کمروں کی تعداد	لاگت
37	جی ایم ایس کوٹ	01	10.00 ملین
	جی پی ایس بانڈہ دوست محمد	01	
	جی پی ایس کنڈی اللہ دین	01	
	جی پی ایس خواجہ خیل	01	
	جی جی پی ایس بابری بانڈہ	02	
	جی پی ایس سین	02	
	جی پی ایس داؤد خیل	01	
	جی جی پی ایس توغ بالا نمبر 3	01	
38	جی جی ایم ایس بیزاری چکر کوٹ	01	
	جی پی ایس تالاب بانڈہ	01	
	جی ایچ ایس نصرت خیل	01	

	01	جی پی ایس امبار بانڈہ	
	01	جی ایچ ایس خادیزئی	
	01	جی جی ایچ ایس شیر کوٹ	
	01	جی پی ایس نوے کلا	
	01	جی پی ایس وزیر کلا	
	01	جی ایچ ایس ایس استرزئی پایاں	
	01	جی پی ایس لڑومیلہ	39
	01	جی پی ایس بمعہ	
	02	جی پی ایس جمال میلہ	
	01	جی پی ایس نندرکا	
	01	جی ایم ایس مندوری	
	01	جی پی ایس مالگین	
	02	جی پی ایس دولئی بانڈا	
	01	جی پی ایس کروری کلا	
	01	جی پی ایس لوخاڑی	

(iii) سال 10-2009 اور سال 11-2010 میں بنیادی سہولیات کی مد میں مندرجہ ذیل رقوم کی ادائیگی کی گئی:

رقم	حلقہ	سال
20,00,000/- روپے	37	2009-10
20,00,000/- روپے	38	
20,00,000/- روپے	39	
23,46,000/- روپے	37	2010-11
11,96,000/- روپے	38	

حلقہ وائز سکولوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

38 _ <u>جناب وجیہہ الزمان خان</u>: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ تعلیم کے آفیسرز کبھی کبھار اچانک سکولوں کا معائنہ کرتے ہیں؛

(ب) اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) جون 2011 میں محکمہ تعلیم کے آفیسرز کے اچانک معائنہ کے دوران گورنمنٹ پرائمری سکول جچھ نمبر2 سربن مکمل بند اور گورنمنٹ پرائمری سکول جبڑ گلی اور سریالہ کے غیر حاضر ملازمین کے خلاف کیا انضباطی کارروائی عمل لائی گئی ہے؛

(ii) گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ہاڑیاں، سکیاں، کلس اچھاڑی اور ہلکائی کتنے عرصے سے بند ہیں، ان کو چالو کرنے کیلئے محکمہ نے کیا اقدامات کئے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم)</u>: (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (i) جی ہاں، جون 2011 میں اے ڈی او ڈھوڈیال سرکل نے مورخہ 2011-06-04 کو جی پی ایس جچھ نمبر2 کا اچانک معائنہ کیا، جس کے دوران معلم دل فراز پی ایس ٹی غیر حاضر پایا گیا۔ مورخہ 17-06-2011 کو جی پی ایس سربن کا معائنہ کیا گیا اور دو اساتذہ امجد حسین پی ایس ٹی اور طاہر اقبال پی ایس ٹی سکول سے غیر حاضر تھے۔ مورخہ 2011-06-18 کو جی پی ایس جبڑ گلی کا اچانک معائنہ کیا گیا اور اساتذہ شبیر حسین پی ایس ٹی اور محمد نواز پی ایس ٹی ولد عبدالستار سکول سے غیر حاضر پائے گئے۔ مورخہ 04-06-2011 کو جی پی ایس سریالہ کا معائنہ کیا گیا، سکول میں چوکیدار اور بچے موجود تھے جبکہ اساتذہ ذوق اختر پی ایس ٹی اور محمد کلیم پی ایس ٹی غیر حاضر پائے گئے۔ ان سب اساتذہ کو مورخہ 2011-06-29 کو ڈپٹی ڈی او (مردانہ) مانسہرہ نے بوجہ غیر حاضری شوکاز نوٹس جاری کیا، جس کا جواب دفتر ڈی ڈی او مانسہرہ کو موصول ہوا، جس پر دفتر ڈی ڈی او مانسہرہ نے انضباطی کارروائی کرکے معلمین کو آئندہ محتاط رہنے کی ہدایت کی گئی۔ اس سلسلے میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ضلع مانسہرہ کی چٹھی کی کاپی بحوالہ No. 1456-60 Dated 07-07-2011 ملاحظہ کی گئی۔ جی پی ایس جچھ نمبر2، جی پی ایس سربن، جی پی ایس جبڑ گلی اور جی پی ایس سریالہ باقاعدہ طور پر کام کر رہے ہیں۔

(ii) گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ہاڑیاں، سکیاں اور کلس اچھاڑی باقاعدہ طور پر کام کر رہے ہیں، البتہ گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ہلکائی کی ایک ٹیچر میڈیکل رخصت پر ہے جبکہ دوسری ٹیچر غیر حاضر ہے، جس کے خلاف تادیبی کارروائی ہو رہی ہے۔ شوکاز نوٹس کی نقل بحوالہ Endst: No. 895-99/3-

2/GB/DDO(F) Dtaed 18-05-2011 ملاحظہ کی گئی تاہم سکول چلانے کیلئے قریبی سکول سے ایک ٹیچر عارضی طور پر تعینات تھی، ماہ جولائی کی تعطیلات کے بعد چھٹی پر گئی ہے اور واپس حاضر ہو کر کام شروع کریگی۔

24 _ جناب وجیہہ الزمان خان: کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مانسہرہ میں گورنمنٹ گرلز مڈل سکول چھپڑ ا بالا، گورنمنٹ گرلز مڈل سکول کوٹری سلطان گلی، گورنمنٹ مڈل سکول جبوڑی، گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کالاس نواز آباد، گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوبکا، گورنمنٹ مڈل سکول (بوائز) کھبل، گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مھترا جالگلی کو محکمہ نے Handing taking کر لیا ہے اور تاحال مذکورہ سکولوں کو سٹاف مہیا نہیں کیا گیا؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکولوں کو عملہ کی عدم فراہمی کی وجہ سے سکولوں کی تعمیر کا بنیادی مقصد ابھی تک حاصل نہیں کیا گیا، وجوہات بتائی جائیں؟

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول چھپڑا بالا اور گورنمنٹ مڈل سکول جبوڑی کی ٹیکنیکل رپورٹ ابھی تک EDO(F&P) سے موصول نہیں ہوئی ہے، رپورٹ ملنے پر SNE فوری ارسال کر دی جائے گی۔ EDO(E&SE) مانسہرہ نے گورنمنٹ گرلز مڈل سکول کوٹری سلطان گلی کی SNE بھیجی تھی مگر چند Observations کے ساتھ EDO کو واپس کر دی گئی ہے۔ گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کالاس نواز آباد، مڈل سکول کھبل اور گرلز پرائمری سکول مھترا جالگلی کی SNE بھی چند Observations کے ساتھ ای ڈی او مانسہرہ کو واپس کر دی گئی ہے جبکہ ای ڈی او مانسہرہ نے گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کو بکا کی SNE مورخہ 21-11-1995 کو پرائمری ڈائریکٹریٹ پشاور بھیجی تھی، لہذا ای ڈی او کو ہدایت کی گئی ہے کہ مذکورہ سکول کی SNE دوبارہ ڈائریکٹریٹ آف ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن خیبر پختونخوا پشاور بھیج دیں۔

(ب) بلاشبہ مذکورہ سکولوں میں عملہ کی عدم تعیناتی کیوجہ سے مدارس کا بنیادی مقصد ابھی تک پورا نہیں ہو سکا تاہم جونہی تدریسی عملہ کیلئے مروجہ قواعد و ضوابط کے مطابق پوسٹوں کی منظوری ہو جاتی ہے تو انشاء اللہ مذکورہ مدارس میں تدریسی سرگرمیاں شروع ہونگی اور سکولوں کی تعمیر کا بنیادی مقصد حاصل ہوگا۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں: انور خان صاحب 12-09 تا 16-09؛ مرید کاظم شاہ صاحب 12-09؛ محمد ہمایون خان، منسٹر فنانس 12-09 تا 14-09؛ سردار شمعون یار خان 12-09؛ ثناء اللہ میانخیل صاحب 12-09 اور شجاع خان 12-09۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: Leave is granted.

مسئلہ استحقاق

<u>Mr. Speaker</u>: 'Privilege Motions': Mehar Sulatana Bibi, to please move her privilege motion No. 154. بی بی! بسم اللہ۔

<u>محترمہ مہر سلطانہ</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تعمیر خیبر پختونخوا فنڈ میں میں نے سکیمیں دی تھیں، جس میں سید اکبر نامی شخص جو کہ ای ڈی او فنانس ضلع کرک ہے، نے اپنی مرضی سے ایک سکیم شامل کی، جس کی نشاندہی پر وہ سکیم نکال دی گئی لیکن بعد ازاں دوسری سکیم کی منظوری جو کہ پہلے ڈی سی او کے ذریعے منظور کی جاتی تھی، کو جان بوجھ کر محکمہ بلدیات پشاور بغرض منظوری بھیج دیا گیا تاکہ میرے لئے مشکلات پیدا کی جاسکیں۔ اس مذکورہ اقدام سے میرے علاقے میں میری ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی ہے جس سے نہ صرف میرا بلکہ اس پورے معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا اس تحریک کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی آپ، لاء منسٹر صاحب! کچھ بولنا چاہتے ہیں؟

<u>محترمہ مہر سلطانہ</u>: سپیکر صاحب، میں اس سلسلے میں کچھ کہنا چاہونگی۔

<u>جناب سپیکر</u>: ایک منٹ بی بی۔

<u>محترمہ مہر سلطانہ</u>: سر! میں ایک-----

<u>جناب سپیکر</u>: منسٹر صاحب نہیں ہیں۔

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون)</u>: جی میں ڈیل کرونگا اس کو۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ جواب دینگے؟

<u>وزیر قانون</u>: جی۔

جناب سپیکر: پہلے تھوڑا سا ان کو Explain کرنے دیں۔

محترمہ مہر سلطانہ: سر، میں تھوڑا سا Explain کروں؟

جناب سپیکر: جی بی بی، بالکل۔

محترمہ مہر سلطانہ: سر، یہ میں نے سکیمیں جمع کی تھیں تعمیر خیبر پختونخوا فنڈ میں اور سر، Usually اس میں ایسا ہوتا ہے کہ جب ہمیں کوئی سکیم چینج کرنا ہوتی ہے تو ہم وہیں پر ڈی سی او صاحب کو کہہ دیتے ہیں اور وہیں پہ چینج ہو جاتی ہے لیکن اس بار چونکہ ای ڈی او فنانس نے اپنی ایک سکیم مجھ سے پوچھے بغیر اس میں شامل کی تھی، جب مجھے پتہ چلا تو میں نے اس کو چینج کرنے کیلئے کہا لیکن انہوں نے جان بوجھ کر اسے بلدیات کے ڈیپارٹمنٹ میں بھیج دیا اور اس کی وجہ سے سر، مجھے جمعہ کے دن گیارہ بجے سے تین بجے تک وہاں پہ بیٹھ کے اس کو چینج کروا کر واپس گاؤں لے کے جانا پڑا کیونکہ سر، جون کا مہینہ ختم ہو رہا تھا اور میرا فنڈ وہاں پہ Lapse ہونے کا خدشہ تھا تو سر، اس طرح سے مشکلات Create کر کے ہمیں، وہاں پہ ایک تو مشکلات Create کی گئیں اور دوسری بات یہ کہ سر، وہاں پہ لوگوں کے سامنے ہماری ساکھ کو بھی نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی۔ سر، اس کیلئے میری عرض ہے آپ سب سے کہ پلیز اسے استحقاق کمیٹی کو ریفر کیا جائے-----

جناب سپیکر: جی گورنمنٹ سے سنتے ہیں-----

محترمہ مہر سلطانہ: سر!

جناب سپیکر: جی بی بی، پھر آپ، ہاؤس جو فیصلہ کریگا۔ جی، آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: ایسا ہے جی کہ جتنے بھی ممبرز کا جہاں پر کوئی استحقاق بنتا ہے تو ہم بالکل Out of the way جاتے ہیں اور اگر ریکارڈ چیک کیا جائے تو تقریباً 99% ہم ان کے ساتھ Agree کرتے ہیں اور کو آپریشن کرتے ہیں لیکن یہ جو Particular کیس ہے، اس کا Background جو میں نے چیک کیا اور جو ہائر آفیشلز ہیں، انہوں نے اس پہ مجھے جو بریفنگ دی ہے، وہ ہے بھی As such پرسنل، یعنی ایک آدمی کی بیچ میں As such کوئی ایسی Involvement نہیں ہے، یہ غلطی سے ہوئی ہے یا جو بھی ہوا ہے، یہ پھر ایک کمیٹی ہے جو ڈی سی او کے سربراہی میں بنتی ہے اور Identification of schemes جو ہیں، وہ ایم پی اے صاحب کی مرضی کے مطابق ہوتی ہے لیکن جس شخص کا نام یہاں پہ لیا گیا ہے، ان کی As such اس میں Involvement نہیں ہے۔ اگر سکیم انہوں نے چینج کروانی ہے تو وہ کوئی مسئلہ نہیں ہے،

لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ چونکہ اس کو Overall deal کرتا ہے تو لوکل گورنمنٹ کے ساتھ بیٹھ کے ان کی یہ سکیم ہم جلدی چینج کروادینگے انشاء اللہ تو As such یہ کوئی اتنا ایشو نہیں ہے اور اگر ہوتا، مطلب کوئی ذاتیات کا قصہ ہوتا تو بالکل وہ ہم کر دیتے، میں ریکویسٹ یہی کرونگا کہ یہ سکیم جو ہے-----

<u>جناب سپیکر</u>: ایک منٹ، بی بی کو بولنے دیں، وہ خود Explain کریں۔ جی بی بی۔

<u>محترمہ مہر سلطانہ</u>: سر! سکیم چینج ہو چکی ہے لیکن سر جان بوجھ کر انہوں نے کیا ہے۔ سر، میں اس کی Personally گواہ ہوں اور سر، وہاں سے میں نے نمائندے کو بھیجا، مجھے اس نے وہیں سے فون کیا، وہاں اس پہ کافی بحث ہوئی ہے باقی اس میں بھی بہت سی باتیں ہیں تو سر، Kindly آپ اس کو کمیٹی میں ریفر کریں تاکہ میں وہ تمام ثبوت اور تمام چیزیں آپ کے سامنے لے آؤں تاکہ یہ چیز کلیئر ہو کر سامنے آ سکے۔

(شور)

<u>میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات)</u>: جناب سپیکر صاحب! کہ یو منٹ ما له را کړئ، زه په دے مسئله باندے یو خبره کوم۔ دا سے ده جی که دا استحقاق جوړیږی او واقعی د دوئ سره زیاتے شوے وی نو ولے د کمیټئ ته لاړ نه شی؟ زه به خپل وزیر قانون صاحب ته اپیل کوم۔ (تالیاں) زه به هغوی ته خواست کوم چه دا د لاړ شی چه د رشتیا پته اولګی، که نه وی نو پته به اولګی، مطلب دے چه لاړ شی نو پکار ده چه پته اولګی۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: سمه خبره سمه وی میاں صاحب۔

<u>Mr. Speaker</u>: Is it the desire of the House that the-----

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر</u>: سمه خبره سمه وی میاں صاحب۔ Is it the desire of the House that the privilege motion moved by the honourable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it. The privilege motion is referred to the concerned Committee.

بی بی! تاسو خو شکریه هم ادا نکړه د خپلو ورونړو؟

محترمہ مہر سلطانہ: ما خو اووئیل خو تا سو چرته اوری؟ شکریه جی۔

جناب سپیکر: د ممبرانو صاحبانو، د ممبرانو صاحبانو شکریه ئے ادا کړه کنه، دا یو ښۀ رواج دے، پکار ده چه مونږه ټول د دے خیال اوساتو۔

تحریک التواء

Mr. Speaker: Abdul Akbar Khan, to please move his adjournment motion No. 284 in the House. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ میں آپ کا-----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: ایک منٹ، ذرا ایجنڈے کو نمٹانے دیں تو پھر، جی عبدالاکبر خان-----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: میں نے فلور ان کو دے دیا، میں نے نام پکار دیا۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں لیکن یہ میری بدقسمتی ہے کہ جب بھی میں کوئی موشن پیش کرتا ہوں تو اس کا Concerned Minister Sahib موجود نہیں ہوتا۔ اب مردان میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال کا ایم ایس اور وہاں پر ای ڈی او دست گریبان ہیں، روزانہ جھگڑے کر رہے ہیں تو میں ایڈجرنمنٹ موشن اسلئے لایا ہوں کہ وہاں پر مردان میں بہت بڑی مصیبت بنی ہوئی ہے لیکن منسٹر صاحب نہیں ہیں تو پھر مجھے کون جواب دے گا؟ اسلئے اگر آپ اس کو پینڈنگ کر لیں تو مہربانی ہو گی، میں کیا کروں؟

جناب سپیکر: پارلیمانی لیڈر صاحب آپ اور کیا کہہ سکتے ہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: سر! پھر میں کیا کروں، وہ میرے صوبائی صدر ہیں نا تو میں کیا کروں؟ سر، ہیلتھ منسٹر تو نہیں ہیں، میرے صوبے کا صدر بھی ہیں۔

جناب سپیکر: آپ اپنے منسٹر کو بھی نہیں لا سکتے تو میں کیا کروں؟

جناب عبدالاکبر خان: سر! اگر آپ اس کو پینڈنگ کر لیں تو مہربانی ہو گی۔

Mr. Speaker: Differed.

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر! مجھے ایک موقع دیا جائے۔

Mr. Speaker: Differed, it is differed this time-----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: پھر دے دیں گے ٹائم، کل لے لیں، پرسوں لے لیں۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: 'Call Attention Notices': Javid Iqbal Tarakai Sahib, to please move his call attention notice. Javid Iqbal Tarakai Sahib, not present, it lapses. Akram Khan Durrani Sahib, Janab Muhammad Akram Khan Durrani Sahib, to please move his call attention notice No. 591, in the House.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): محترم سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ ضلع بنوں کے عمائدین، زمینداروں نے گزشتہ روز کرم گڑھی ہیڈ ورکس کے ٹوٹے ہوئے دروازوں پر شدید احتجاج کیا تھا، یہ خبر پریس میں بھی شائع ہو چکی ہے۔ مذکورہ ہیڈ ورکس پر 90فی صد کام مکمل کر کے ٹھیکیدار نے منصوبے کو نامکمل چھوڑ کر بند کر دیا، جس کی وجہ سے ہزاروں کنال اراضی پر کھڑی فصلیں تباہ ہونے کا خدشہ ہے۔

محترم سپیکر صاحب، اس پہ تو میں نے تحریک التواء جمع کی تھی، چونکہ یہ بڑا اہم مسئلہ ہے ہمارے پورے ضلع کا اور پھر لکی کا بھی۔ چونکہ جو نہر جا رہی ہے تو اس پہ لکی ڈسٹرکٹ بھی آباد ہے۔ جناب، پچھلے سال جب یہ فلڈ آیا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ میرے خیال میں ایڈجرنمنٹ موشن تھی لیکن Convert ہوئی ہے، انہوں نے Convert کی ہے۔

قائد حزب اختلاف: یہ ابھی بھی، پھر آپ کی ذاتی رائے، کیونکہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، میں نے تو۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: کال اٹینشن پر میرے خیال میں جو میں چاہتا ہوں، شاید وہ بات نہ ہو۔ اس میں یہ ہے جی کہ سیلاب آیا تھا اور اس نے پورے صوبے میں تباہی مچا دی تھی، تباہی مچا دی تھی، جس طرح آپ کے پشاور میں تباہی ہوئی تھی تو بنوں میں بھی پورے دیہات کرم 'ریور' کی وجہ سے مکمل تباہ ہوئے تھے اور وہاں پر ہمارا جو ہیڈ ورکس ہے، اس کے بھی مین دریائے کرم پر دروازے ہیں، جہاں پر وہ بند ہوتے ہیں اور پھر پانی ڈیم کو جاتا ہے، اس سے پھر کینال سسٹم میں جاتا ہے اور یہ پانی اتنا زور سے آیا تھا کہ ان سب دروازوں کو مکمل طور پر خراب کیا گیا تھا اور وہ پانی بالکل ادھر جانے کے قابل نہیں تھا، پھر ہم نے کوشش

کر کے عارضی ایک بند دروازوں کے پیچھے لگایا لیکن اس وقت بھی میرے خیال میں جی کروڑوں کی جو فصلیں غریب لوگوں کی تھیں، وہ بھی فلڈ میں تباہ ہوئیں۔ پھر گورنمنٹ کے بس میں بھی یہ نہیں تھا کہ وہاں پر، جن گھروں کے کچھ نقصانات ہیں تو تھوڑا بہت کسی کو ملا، بیس بیس ہزار روپے لیکن جن لوگوں کی فصلیں تباہ ہوئیں، کسی بھی زمیندار کے ساتھ گورنمنٹ نے کوئی مدد نہیں کی۔ پھر گورنمنٹ نے وہاں پر ان دروازوں کو دوبارہ بنانے کیلئے کنٹریکٹ دیا اور یونس خٹک کوئی ٹھیکیدار ہے، پتہ نہیں کہ کس ضلع سے اس کا تعلق ہے، میں جانتا نہیں ہوں لیکن میں نے پوچھا کہ یہ کنٹریکٹر کون ہے؟ اس کا نام ہے یونس خٹک اور ایک سال جی وہاں پر کام کر کے آخر میں جب دوبارہ بہت کم سیلاب آیا تو وہ بند جو ہم نے پیچھے عارضی طور پر بنایا تھا، وہ بند بھی بہا کے لے گیا اور وہ دروازے آج تک نامکمل ہیں۔ سپیکر صاحب، جس طرح میں نے بات کی کہ 90 فیصد دروازے مکمل ہیں اور دس فیصد کا مجھے معلوم نہیں کہ اس کو کیا تکلیف تھی؟ اس وقت تو میں نے خدشہ ظاہر کیا تھا کہ یہ فصلیں تباہ ہو رہی ہیں لیکن وہ میرا خدشہ جو تھا، وہ بالکل اسی طرح سامنے آیا کہ وہاں پر وہ فصلیں مکمل طور پر دوبارہ تباہ ہوئی ہیں تو میری آپ سے گزارش ہے کہ اس پر ایک سپیشل طریقے سے وہ کر لیں، اگر گورنمنٹ کی کوئی غفلت ہے تو وہ بھی سامنے آجائے گی اور اگر کنٹریکٹر کی لاپرواہی ہے، مجھ سے کنٹریکٹر نے بڑی کوشش کی کہ میں ملوں مگر میں نے اسے کہا کہ میرا آپ کے ساتھ کوئی کام نہیں ہے، یہ تو گورنمنٹ کا کام ہے، آپ گورنمنٹ سے ملیں کہ مجھے جو کام دیا گیا تھا، وہ میں نے مکمل کیا ہے اور یہ گورنمنٹ کی غفلت ہے کہ اس کو پورا کرتے۔ ابھی تو گورنمنٹ نے اس کو دروازے ٹھیک کرنے کیلئے کہا تھا، وہاں پر تو دوسرا کام نہیں تھا تو اسلئے میں Specially گورنمنٹ کی توجہ چاہوں گا کیونکہ وہاں پر جو نقصانات ہیں، وہ غریب زمینداروں کے ہوئے ہیں۔ اس طرح ہے کہ وہاں پر لوگ روڈ پہ نکلے اور وہاں پر میرے خیال میں میں نے بھی پھر اسے فون کیا، ایڈمنسٹریشن کو لوگوں کو سنبھالنے میں بہت بڑی تکلیف تھی، انہوں نے مجھے کہا تو میرے خیال میں ایک سپیشل کمیٹی یا کوئی انکوائری ہو کہ جو ٹوٹے ہوئے دروازے ہیں، وہ ایک سال میں کیوں نہیں بنے؟ اگر گورنمنٹ کے کسی اہلکار کی کوئی غلطی ہے تو میرے خیال میں اس کو سزا ملنی چاہیئے، اگر گورنمنٹ کی طرف سے نہیں ہے اور کنٹریکٹر کی اس میں کوئی غلطی ہے تو میرے خیال میں جی اس کنٹریکٹر کو بلیک لسٹ ہونا چاہیئے اور صوبے میں ایسے کنٹریکٹرز پر کام بند کرنا چاہیئے تو سپیکر صاحب، میں اس میں آپ کے توسط سے گورنمنٹ کی مکمل توجہ چاہونگا کیونکہ وہاں پر اس سے صرف ضلع بنوں نہیں بلکہ لکی مروت بھی تباہ ہوا ہے۔

وزیر اطلاعات: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی آنریبل میاں صاحب، میاں افتخار حسین صاحب۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیره مهربانی۔ درانی صاحب ډیرے اهم مسئلے طرف ته زمونږه توجه راګرځولے ده او یقیناً چه د مخکښے نه ئے نشاندهی کړے ده او د هغے نه پس هم په هغے کار نه دے شوے۔ د ایریګیشن ډیپارټمنټ وزیر صاحب دلته موجود نه دے، د هغوی سره به تفصیل وی خو یقیناً چه انکوائری پکار ده او چه د هر چا پکښے غفلت وی ځکه چه د عوامو دے فصل ته نقصان رسیدلے دے نو دا زمونږ د ټولو ذمه واری جوړیږی چه دیکښے هر څوک ملوث وی، که د حکومت فرد ملوث وی او که ټهیکیدار ملوث وی چه هر څنګه وی خو انکوائری د اوشی، یقیناً چه پته د دے خبرے اولګی۔ تاسو چه څنګه وایئ او د درانی صاحب څنګه اطمینان وی-----

جناب سپیکر: کمیټئ ته ئے واچوؤ، Concerned Committee ته به ئے اولیږو؟

وزیر اطلاعات: بالکل جی، که کمیټئ ته ئے اچوئ نو هم چه تحقیقات اوشی چه غلطی د کوم ځائے ده چه هغوی ته پوره سزا ملاؤ شی۔

Mr. Speaker: Thank you. Is it the desire of the House that the call attention notice moved by the honourable Leader of the Opposition may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The call attention notice is referred to the concerned Committee.

قائد حزب اختلاف: میں ان سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جی۔

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا مخصوص لیکچررز کی تعیناتی، مجریہ 2011 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Thank you ji, thank you. The honourable Minister for Higher Education Khyber Paktunkhwa, Higher Education Qazi Asad-----

وزیر قانون: میں کروں گا جی۔

جناب سپیکر: آپ کریں گے؟

<u>وزیر قانون</u>: جی۔

<u>Mr. Speaker</u>: On behalf of Higher Education Minister, the honourable Minister for Law, to please introduce before the House the Khyber Pakhtunkhwa Appointment of Certain Lecturers Bill, 2011.

<u>Minister for Law</u>: Thank you ji. On behalf of Minister Higher Education, I wish to present before this august House the Khyber Pakhtunkhwa Appointment of Certain Lecturers Bill, 2011. Thank you.

<u>Mr. Speaker</u>: It stands introduced.

مسودہ قانون (تنسیخ) بابت خیبر پختونخوا ملازمت سے برخاستگی (خصوصی اختیارات) مجریہ 2011 کا زیر غور لایا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: The honourable Minister for Law on behalf of the honourble Chief Minister Khyber Pakhtunkhwa, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa Removal from Service (Special Powers) (Repeal) Bill, 2011 may be taken into consideration at once.

<u>Minister for Law</u>: Thank you, Sir. On behalf of the honourable Chief Minister Khyber Pakhtunkhwa, I wish to present the Khyber Pakhtunkhwa Removal from Service (Special Powers) (Repeal) Bill, 2011 for consideration by this august House.

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور</u>: سر!

<u>جناب سپیکر</u>: صبر، میں ذرا موشن پڑھ لوں، پھر اس کے بعد آپ وہ کر لیں۔ The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa Removal from Service (Special Powers) (Repeal) Bill, 2011 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’. یہ ‘Yes’ تو آپ کر سکتے ہیں کم از کم تاکہ ہاؤس میں اتنی وہ ہو کہ ادھر بیٹھے ہیں، Legislators بیٹھے ہیں-----

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر</u>: (قہقہہ)

(تحریک منظور کی گئی)

<u>Mr. Speaker</u>: The ‘Ayes’ have it.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر!

جناب سپیکر: جی آپ بولیں، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ سر، اصل میں اس حوالے سے میں بات کرنا چاہتا تھا کہ یہ جو بل ہے، اس کو Basically as a Private Member میں لایا تھا اور وہ Already اسمبلی میں Introduce بھی ہو چکا ہے۔ چونکہ پرائیویٹ ممبر ڈے ایک ہی دن ملتا ہے تو سر، میری اس میں گزارش یہ ہے کہ بطور Legislator جب ہم ہاؤس میں آتے ہیں تو ہم سے لوگوں کی کچھ توقعات بھی ہوتی ہیں، امیدیں ہوتی ہیں۔ ہمارے میڈیا کے دوست بیٹھے ہوتے ہیں، باہر جا کر صرف Legislator پر یہ تنقید ہوتی ہے کہ یہ پوسٹنگ ٹرانسفرز میں لگے رہتے ہیں، یہ فنڈز کے پیچھے لگے رہتے ہیں، ادھر ادھر کی باتیں کرتے ہیں لیکن ان کا جو Basic purpose ہے تو Legislation پر یہ توجہ نہیں دیتے۔ سر، اس پر اگر توجہ دی جاتی ہے تو آپ کے علم میں ہے کہ Rules of procedure اور اس کے متعلق پہلے ہم Leave of the Assembly لیتے ہیں اور وہ Leave of the Assembly کے بعد Introduce ہوتا ہے اور پھر کہیں جب سیشن ہوتا ہے تو وہ جو Thursday کا دن مقرر ہوتا ہے اور اس پر اس کے متعلق بات ہو سکتی ہے۔ سر، مجھ سے پہلے عبدالاکبر خان نے ریگولرائزیشن ایکٹ لایا، وہ اچھا تھا کہ گورنمنٹ نے اس کو Own کر لیا۔ ہم بھی یقیناً سمجھتے ہیں کہ گورنمنٹ کی سپورٹ کے بغیر Individually ہم اس کو پاس نہیں کر سکتے لیکن سر، میری گزارش ان سے یہ ہے کہ اگر ایک چیز سے یہ Agree کریں تو کیا یہ کریڈٹ اتنا بڑا مسئلہ ہے کہ کل کو اس پر عبدالاکبر خان کا نام نہ آئے، کل کو اس پر اسرار گنڈاپور کا نام نہ آئے، اکرم خان درانی کا نہ آئے تاکہ پھر یہ ہو کہ گورنمنٹ کا بل تھا۔ میری سر، یہ گزارش ہے کہ اس بل میں اور اس بل میں اگر کوئی فرق ہے تو منسٹر صاحب مجھے بتا دیں؟ اگر یہ اس کی Ditto copy ہے تو سر، میری یہ گزارش ہے کہ پھر پرائیویٹ ممبر بل کا راستہ اس طریقے سے کیوں روکا جا رہا ہے؟

جناب سپیکر: جی آنریبل لاء منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: میں بالکل جی، ایسا ہے کہ Background اس بل کا ایسا ہے کہ یہ فیڈرل گورنمنٹ چونکہ ڈیموکریٹک گورنمنٹ ہے، کولیشن پارٹنرز جو اس وقت ڈیموکریٹک سیٹ اپ میں ہیں، وہ یہ سمجھتے تھے اور اب بھی سمجھتے ہیں کہ یہ ایک Pre-colonial ہے، It's a bad law بلکہ یہ پبلک انٹرسٹ کے خلاف

ہے، لوگوں کے خلاف ہے بلکہ جو Manifesto ہے جوائنٹ تینوں پارٹیوں کا، وہ سارے لوگ بھی اس کے خلاف تھے، لہذا فیڈرل گورنمنٹ میں یہ Repeal ہو گیا، اسی طرح فیڈرل گورنمنٹ نے پھر ہمیں، ہم لوگ بھی Agree تھے اور اس کے اوپر ہمیں بھی وہاں سے ہدایات آئیں کہ آپ لوگ بھی یہ پاس کروائیں، چونکہ ہمارا بھی ذرا Lengthy procedure ہوتا ہے اور یہ کابینہ سے Approval کے بعد، چونکہ یہ کئی مہینے لیتا ہے تو In the mean time یہی بل انہوں نے بھی پیش کر دیا As a Private Member تو بالکل کریڈٹ کا ہمیں کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ آپ اجازت دیں، یہ ہاؤس اجازت دیں تو ہم Jointly اس کو پاس کرنے کیلئے ہاؤس سے ریکویسٹ کر دیں گے تو وہ اس لحاظ سے ان کا بھی وہ ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: نہیں، ان کا کوسچن اور ہے کہ ہم نے پہلے ایک چیز جمع کی ہے تو اس میں کیا قباحت ہے، اگر ایک پرائیویٹ ممبر بل، As a legislator ان کا نام آ جائے تو کیا فرق پڑتا ہے؟

وزیر قانون: دیکھیں جی ہم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ان کا کوسچن یہی ہے۔۔۔۔۔

وزیر قانون: جیسے میں نے گزارش کی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کہ بھئی Ditto copy چیز پھر آ گئی۔

وزیر قانون: Ditto copy جی دیکھیں۔ یہاں پر ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ Concept سے تو سب لوگ Agree کرتے ہیں۔ یہ Dictatorial regime کی Legislation تھی جی، ہم بھی ختم کرنا چاہتے ہیں، یہ بھی ختم کرنا چاہتے ہیں، اگر اس کی Creditability کی بات ہے تو ہم Jointly اس کو پیش کر دیتے ہیں تو اس میں ان کا بھی نام آ جائے گا اور As such۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اچھی روایت ہے کیونکہ ہم میں سے بہت سے Legislators ایسے ہیں کہ جن کی خواہش بھی ہے اور کرنا بھی چاہتے ہیں لیکن جب گورنمنٹ کی سپورٹ کے بغیر ہم کر بھی نہیں سکتے اور گورنمنٹ اس چیز کو Disown بھی نہیں کر سکتی تو اس کو اگر آپ Jointly put کر لیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹھیک رہے گا۔

جناب سپیکر: Language میں تھوڑا سا فرق ہے، Spirit تو ایک ہے، Meanings اور وہ Same ہیں۔ اس کی جو Drafting ہوئی ہے، تھوڑا سا اس کی Language میں فرق ہے، اس پر کیسے آپ۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ گنڈاپور: سر!

جناب سپیکر: اگر اسی Same language پر آنا چاہتے ہیں؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! میری گزارش یہ ہے کہ چونکہ آپ-----

جناب سپیکر: یہ تم کیسے لاؤ گے؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جی سر، میری گزارش سر یہ ہے کہ-----

جناب سپیکر: اگر اسی کو آپ جوائنٹ کرانا چاہتے ہیں تو-----

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: اس کو جوائنٹ کرالیں سر، Contents تو ایک ہی ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، اس موشن میں آپ کا نام آ جائے گا۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: بالکل سر، یہی میں کہتا ہوں-----

جناب سپیکر: اور وہ جو آپ کا والا ہے نا، اس میں تھوڑی سی پھر کوئی Complication پیدا نہ ہو جائے؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، اس کو جوائنٹ کرلیں، اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

جناب سپیکر: تھیک شوہ، It will be considered as joint Bill of the Private Member and the Government as well. Okay, thank you. Consideration Stage ہو گیا۔ اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب! آپ کا اور گورنمنٹ کا یہ Joint Bill consider ہو گیا، یہ ایک اچھی روایت ہے اور اس کو Appreciate کرنا چاہیئے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: اچھی Thumbing نہیں ہوئی۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clause 1 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clause 1 stands part of the Bill. Amendment in sub clause (2) of Clause 2: Mr. Abdul Akbar khan, to please move his amendment in sub clause (2) of Clause 2 of the Bill.

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو جی۔ جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس میں کیا، یہ Ongoing، وہ Under consideration۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر! دونوں اس کلاز 2 میں ہیں تو میں دونوں کو پڑھ لونگا، دونوں ایک ہی کلاز میں امینڈ منٹس ہیں۔ ایک سب کلاز 2 میں ہے، ایک سب کلاز 3 میں ہے لیکن Main Clause 2 میں دونوں امنڈ منٹس ہیں۔

جناب سپیکر: ایک ایک پڑھیں نا۔

جناب عبدالاکبر خان: اچھا سر۔ I beg to move that sub clause (2) of Clause 2 may be deleted جناب سپیکر، اگر آپ مناسب سمجھیں تو میں وہ دوسری بھی، تیسری امنڈ منٹ بھی، چونکہ یہ دونوں Interconnected ہیں تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: خیر ہے، وہ اس کے بعد پھر پڑھ لیں گے۔

جناب عبدالاکبر خان: اچھا سر، تو میں اس پر تھوڑی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Theme آپ کی ان دونوں کا ایک ہی لگ رہا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک ہے ٹھیک ہے، جیسے آپ کی مرضی۔ جناب سپیکر، میں تھوڑا سا بولوں کہ میں نے یہ امنڈ منٹ کیوں پیش کی ہے؟ جناب سپیکر، میں تو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ یقیناً یہ ایک زبردست Legislation اور ایک انتہائی مفید Legislation ہے اس صوبے کیلئے، خاصکر سرکاری ملازمین کیلئے اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کے سروں پر جو تلوار لٹک رہی تھی، ہر وقت ان کو جو ڈر تھا اس آرڈیننس کی وجہ سے اور مارشل لاء اور ایک Dictatorial Ordinance تھا جو 2001 میں Promulgate کیا گیا تھا، جس کے تحت بہت سے بے گناہ لوگوں کو، بہت سے ایسے لوگوں کو جن کا کوئی گناہ نہیں تھا، ان کو انتہائی سخت سے سخت سزائیں اسی آرڈیننس کے تحت دی گئیں تو سب سے پہلے تو میں وزیر قانون صاحب اور حکومت کا مشکور ہوں کہ جو ہم چاہتے تھے کہ ایسے قانون کو ختم کیا جا سکے لیکن جناب سپیکر، اب جو امنڈ منٹ میں اس میں لایا ہوں، اگر وہ آپ دیکھیں تو میں وزیر قانون صاحب سے درخواست کروں گا کہ اگر وہ میرے اس امنڈ منٹ کو ذرا غور سے سنیں۔ اب جناب سپیکر، اس کی کلاز 2 کی جو سب کلاز 2 ہے، میں اس میں جو امنڈ منٹ کرانا چاہتا ہوں Deletetion کی، وہ ہے جی کہ:

"For removal of doubts, it is hereby provided that all proceedings pending, immediately before the commencement of this Act,

against any person in Government service or corporation service, under the Khyber Pakhtunkhwa Removal from Service (Special Powers) Ordinance, 2000, and rules made thereunder, shall continue under the said repealed law and rules in the manner provided thereunder" جناب سپیکر، میرا بنیادی مقصد یہ ہے کہ اگر آپ ایک قانون کو سمجھتے ہیں کہ یہ غلط قانون ہے، اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ایک آمرانہ قانون ہے، اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ ایک ظالمانہ قانون ہے اور آج آپ سب اس غلط قانون کو، اس ظالمانہ قانون کو ختم کرنے کیلئے ایک انتہائی اچھا قدم اٹھا رہے ہیں تو پھر آپ کی جو پروسیڈنگز پینڈنگ ہے، اگر آپ اس کو چھوڑ جائیں، میرا مقصد یہ ہے کہ جیسے ہی یہ قانون ختم ہو، ان سب لوگوں کے خلاف جن کو اگر سزائیں دی جا چکی ہیں، وہ تو ٹھیک ہے، اگر کسی پر کوئی سزا Implement ہو چکی ہے، وہ تو ٹھیک ہے، اس کا تو کچھ نہیں کیا جا سکتا لیکن اگر پروسیڈنگز پینڈنگ ہے تو جس طرح آپ دوسرے لوگوں کے خلاف اس قانون کے آج ختم ہونے کے بعد E&D رولز کے تحت کارروائی کرینگے تو ان لوگوں کے خلاف جو پروسیڈنگز پینڈنگ ہے، ان کے خلاف بھی آپ E&D کے تحت کارروائی کریں۔ جناب سپیکر، اس سے تو یہ ہوگا کہ جب یہ قانون آج دفن کرنا چاہتے ہیں تو اس کو ہمیشہ کیلئے دفن کر دیں، اگر آپ اس کو دفن کرنا چاہتے ہیں تو ان کے باقیات کو نہ چھوڑیں، ان لوگوں کو نہ چھوڑیں جن کے خلاف پروسیڈنگز پینڈنگ ہے۔ میری تو ایک درخواست ہوگی اور پھر جو دوسری ترمیم ہے، اگر آپ اجازت دیں تو میں وہ بھی پیش کروں؟

<u>جناب سپیکر</u>: ہاں؟

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: سر، چونکہ آپ کلازز پہ پھر ووٹنگ کرینگے، ساری کلازز پہ ووٹنگ کرینگے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ایک منٹ ذرا وہ سب کلاز 3 ہے، پہلے اس کو نمٹا لیں۔ جی آنریبل منسٹر صاحب۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: سر! یہ اسی کے ساتھ Connected ہے تو اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ بہت چھوٹی ہے اور ایک سمت سے صرف اس کی Continuity میں میں نے یہ امنڈمنٹ موو کی ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: پہلے اس کے Consents تھوڑا لیتے ہیں۔ جی آنریبل لاء منسٹر صاحب، پلیز۔

<u>وزیر قانون</u>: ایسا ہے جی کہ بالکل صحیح ہے، Conceptually تو ہم Agree کرتے ہیں کہ Draconian law ہے یا Anti people law ہے لیکن آپ Legislation کی تاریخ دیکھ لیں تو جب بھی اس قسم کے Laws میں Cease کرتے ہیں یا جو بھی ہوتا ہے تو پینڈنگ چیزیں اسی میں رہ جاتی ہیں۔ ابھی بہت ساری انکوائریز ہیں جو کہ اس کے اوپر چلی ہوئی ہیں اور وہ Conclusion کے ٹائم پہ ہے

تو یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس وقت ایسا نہ ہو کہ ہمارے اس اقدام سے کسی غلط آدمی کو، کسی کرپٹ آدمی کو، کسی Inefficient اور Indisciplined آدمی کو فائدہ مل جائے تو جو Disciplinary actions already pending ہیں تو لہٰذا ان کو Exclude کیا گیا ہے اور آئندہ کیلئے ہم نے نئے رولز تیار کر لئے ہیں اور جیسے ہی انشاءاللہ یہ بل پاس ہوتا ہے تو نئے E&D rules 2011 تیار ہیں اور اس کے نیچے باقاعدہ تمام کارروائیاں ہونگیں لیکن جو پینڈنگ ہیں، وہ ہم نے Exclude کئے ہوئے ہیں۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر! میں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی عبدالاکبر خان۔

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، میں ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں کہ کانسٹی ٹیوشن میں یہ لکھا گیا ہے کہ جو جرم جس وقت ہو جائے تو اسی وقت سزا ہوتی ہے۔ اگر آپ اس کو ختم کر رہے ہیں اور اسی ختم آرڈیننس کے تحت، ختم لاء کے بعد، Dead law کے بعد اگر آپ کسی کو سزا دینگے تو کیا وہ کورٹ میں نہیں جائے گا کہ جب آپ کسی کو سزا دینگے کہ وہ، مطلب ہے ختم ہو گیا ہو گا اور اس کے بعد آپ اس کو سزا دیں؟ میں زور تو نہیں دے رہا، میں نے تو صرف گورنمنٹ کو ایک Suggestion دی تھی کہ اگر آپ ختم کرنا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی اس طرح نہ کریں کہ بھلے کچھ رہے اور کچھ نہ رہے، سارا ختم کر لیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: چہ Withdraw کړی۔۔۔۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر! میں منسٹر صاحب سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جن لوگوں نے اپنے کیسز جیتے ہوئے ہیں، گورنمنٹ کم از کم ان کو تو ریلیف دے دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>وزیر قانون</u>: اس طرح ہے جی کہ ایک تو جس طرح میں نے گزارش کی کہ قانون سازی میں اس چیز کو جو ہے، یعنی پروٹیکشن ملتی ہے، اس سے پہلے جتنی انکوائریاں ہو گئی ہیں اور اس لاء کے نیچے جن کو سزائیں ملی ہیں، That is now past and closed transaction، ابھی تو یہ پھر ایک ڈیبیٹ ہو گا کہ جن لوگوں کو اس کے نیچے پچھلے دس سال میں سزائیں ملی ہیں، وہ سارے Innocent ہیں، آپ سب کو دوبارہ بحال کریں مطلب کہ یہ تو ایک ایسا Pandora's Box کھل جائے گا جس کا کوئی اختتام نہیں ہو گا تو گزارش یہ ہے کہ اس کے سب قوانین جب ختم ہوتے ہیں تو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی عبدالاکبر خان! آپ Withdraw کرتے ہیں یا میں ہاؤس کو Put۔۔۔۔۔

وزیر قانون: میں گزارش کروں کہ۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: میں Withdraw کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) مجھے پتہ ہے۔

Minister for Law: Thank you.

جناب سپیکر: کلاز 3 بھی، وہ بھی وہی Same اس پہ آتی ہے نا؟

جناب عبدالاکبر خان: ہاں، ہاں جی، وہ بھی Withdraw، کیونکہ وہ Continuity ہے، وہ الگ نہیں ہے کوئی، وہ چونکہ کلاز 3 کے، Subject to Clause 2 ہے، اسلئے میں نے اس کو Amend کیا ہے تو وہ بھی Withdraw کرتا ہوں۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جن لوگوں نے سروس ٹریبونل سے اپنے کیسز جیتے ہوئے ہیں اور گورنمنٹ ان کے خلاف پھر عدالت میں چلی گئی ہے تو کم از کم ان لوگوں کو تو چھوڑ دیں، ان کو ریلیف دیں، اس سے تو کوئی Pandora's Box نہیں کھلے گا؟

جناب سپیکر: اچھا، ابھی تو Present legislation کی بات کریں، اس کیلئے کوئی دوسری موشن لے آئیں نا، اس سٹیج پہ یہ بات میرے خیال میں ٹھیک نہیں ہے۔ The amendments withdrawn, therefore original sub clause (2) of Clause 2 stands part of the Bill; the other amendment is also withdrawn, therefore, original sub clause (3) of Clause 2 stands part of the Bill, sub clause (1) of Clause 2 of the Bill also stands part of the Bill. Preamble also stands part of the Bill.

مسودہ قانون (تنسیخ) بابت خیبر پختونخوا ملازمت سے برخاستگی (خصوصی اختیارات) مجریہ 2011 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': The honourable Minister for Law, on behalf of the honourable Chief Minister Khyber Pakhtunkhwa, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa Removal from Service (Special Powers) (Repeal) Bill, 2011 may be passed.

Minister For Law: Thank you Sir. I, on behalf of the honourable Chief Minister Khyber Pakhtunkhwa, request this august House that the Khyber Pakhtunkhwa Removal from Service (Special Powers) (Repeal) Bill, 2011 may kindly be passed. Thank you.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa Removal from Service (Special Powers) (Repeal)

Bill, 2011 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

وزیر قانون: وہ سر! اسرار اللہ خان گنڈاپور کا نام بھی ساتھ شامل کریں۔

جناب سپیکر: هغه اوشو جی، هغه ما مخکښے پرے رولنگ ورکړو، هغه راغے، د دوئ نوم پکښے راغے او Consideration کښے راغے جی۔

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی رپورٹ برائے سال 2005-06 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Mr. Abdul Akbar Khan, member Public Accounts Committee, to please present before the House the report of Public Accounts Committee for the year 2005-06. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you janab Speaker. I intend to present the report of the Public Accounts Committee, on the accounts of the Government of Khyber Pakhtunkhwa, for the year 2005-06 on behalf of the Chairman Public Accounts Committee.

Mr. Speaker: Its stand presented.

Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you.

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی رپورٹ برائے سال 2005-06 کا منظور کیا جانا

Mr. Speaker: Now, Mr. Abdul Akbar Khan, member Public Accounts Committee, to please move that the report of Public Accounts Committee for the year 2005-06 may be adopted. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر۔ لیکن موشن کو موؤ کرنے سے پہلے جناب سپیکر، اگر میں آپ کے اسمبلی سیکرٹریٹ کا، آپ کا، آپ کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے ممبران کا اور جو پی اے سی سیل ہے، اس کا شکریہ ادا نہ کروں، اس کو نہ سراہوں، اس کا مشکور نہ ہو جاؤں تو یہ زیادتی ہو گی۔ آپ ذرا دیکھیں کہ یہ جو 2005-06 کی رپورٹس ہیں، یہ 2010 میں اسمبلی میں پیش ہوئیں اور اسی دن یہ کمیٹی کے حوالے کر دی گئیں اور میرے خیال میں یہ اس اسمبلی کی تاریخ میں پہلی دفعہ ہو گا کہ ایک سال کے اندر اندر اس اسمبلی اور اس پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے، اگرچہ پینڈنگ پروسیڈنگز بہت زیادہ تھی، بقایا پروسیڈنگز بہت زیادہ تھی لیکن اس کے باوجود بھی ایک سال کے اندر اندر ہم، آپ اور آپ کی کمیٹی اس رپورٹ کو Finalize

کرنے میں کامیاب ہوئی اور جو paras 77 تھے، اس کے صرف paras 77 نہیں تھے بلکہ جناب سپیکر، اس میں 97-1996 اور 03-2002 کے اس وقت کی جو Recommendations اور Observations تھیں، جو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو وقتاً فوقتاً دی گئی تھیں، ان سب کو پھر Reconsider کیا گیا پھر اگر دوبارہ ان پر عملدرآمد کو دیکھا جائے کہ ہماری جو Observations ہیں اور ہماری جو Recommendations ہیں اور آپ کی کمیٹی کی جو Recommendations ہیں، اس پر عملدرآمد ہوا ہے کہ نہیں؟ صرف یہ نہیں ہے کہ ایک سال کی رپورٹ ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ آپ کے پچھلے سالوں کی جو Recommendations اور Observations ہیں، وہ بھی اسی میں شامل ہیں اور میں درخواست کروں گا سارے آنریبل ممبرز سے کہ ان کی جو Recommendations اور Observations ہیں، ان پر جو Implementations ہیں تو براہ کرم آپ اس کو دیکھ لیں کہ کتنی محنت کی ہے آپ کے سیکرٹریٹ اور اس کمیٹی نے جناب سپیکر؟

Now I request that the report of the Public Accounts Committee on accounts of the Government of Khyber Pakhtunkhwa for the year 2005-06 may be adopted.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of Public Accounts Committee for the year 2005-06 may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

یہ Appreciation کے قابل ہیں لیکن عبدالاکبر خان! ہم جو چاہتے ہیں نا کہ یہ بالکل Up-to-date اس میں آ جائے نا تو ایک کمال ہو گا، Revolution تب آئے گا۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، دس سال سے یہ کام پینڈنگ پڑا ہوا تھا، دس سال سے یہ Backlog پڑا رہا ہے، اس وقت پبلک اکاؤنٹس کمیٹیز نہیں تھیں۔ ہر سال آڈیٹر جنرل آف پاکستان رپورٹ مرتب کرتا تھا، آپ کے اکاؤنٹس پر اور آپ کے جو پیرے تھے، وہ بناتے تھے۔ اب آٹھ سالوں سے وہ Backlog پڑا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ پھر اور بھی Backlog پڑا ہے تو ساتھ ساتھ وہ بھی چل رہا ہے۔ آپ خود سوچیں کہ 06-2005 کی رپورٹ 2010 میں اسمبلی میں پیش ہوتی ہے حالانکہ 06-2005 کی رپورٹ 2007 میں پیش ہونا چاہیئے تھی یا 2008 میں پیش ہونا چاہیئے تھی۔ اب 2006 کی رپورٹ 2010 میں اسمبلی میں آئی تو آپ کیا کرتے؟ Definitely آپ تو اس سے پہلے رپورٹ کو نہیں لے سکتے تھے، آپ 2010

کے بعد لیتے، جس دن اسمبلی میں آئی۔ جب آپ کے پاس آڈیٹر جنرل کی رپورٹ In time ہی نہیں آتی، 2005 کی رپورٹ انہوں نے 2010 میں بنائی، اب اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم On time up-to-date کیسے ہو سکتے ہیں؟ اب 2010 کی رپورٹ کا پتہ نہیں کہ وہ 2015 کہ 2016 میں اس اسمبلی میں لائیں گے تو یہ تو ان پر Depend کرتا ہے، آپ کے سیکرٹریٹ اور اسمبلی اور کمیٹی پر تو نہیں، آپ کو جو رپورٹ آئے گی تو اس کو آپ Consider کریں گے۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ بہت بڑی Change ہے، Thank you very much۔ یہ سارے پی اے سی کیلئے Appreciation ہے۔ The sitting is adjourned till 03:00 pm of tomorrow afternoon, thank you۔ نماز کا وقت ہے اور چائے بھی تیار ہے۔

(اسمبلی کا اجلاس بروز منگل مورخہ 13 ستمبر 2011ء سہ پہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)